پیغام



محمد حسین سیّد
ایڈمنسٹریٹر، بلدیہ عظمیٰ کراچی

جیمز پارکنز نے کہا تھا کہ تحقیق کا مقصد علم کا حصول ہے، اُستاد کا مقصد علم کی منتقلی ہے اور خدمات عامہ کا مقصد علم کا نفاذ ہے۔

جب گورنر سندھ نے شہریوں کو کے ایم سی کی خدمات اور سہولتوں کے بارے میں تمام تر معلومات فراہم کرنے کے لیے اپنے خیال کا اظہار کیا تو میں اس کے لیے کسی متبادل ذریعے کی تلاش میں تھا۔ جو آج ''رائزنگ کراچی'' کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ اب ایک موبائل فون سروس آسان ترین رسائی اور کے ایم سی اور دیگر شہری خدمات کے بارے میں فوری معلومات ہمارے شہریوں کو فراہم کرسکتی ہے۔ پس ''رائزنگ کراچی'' شہر کے بارے میں ایک طرز کی ہیلپ لائن اور فوری معلوماتی گائیڈ ہے۔

میں اُمید کرتا ہوں کہ اہالیانِ کرچی شہری حکومت کے اس اقدام کی حوصلہ افزائی کریں گے اور اس کا حصہ بن جائیں گے۔ میں یہ بھی خواہش رکھتا ہوں کہ وہ ''رائزنگ کراچی'' کے ذریعے روزانہ اس سروس کا استعمال اور اس کے بارے میں اپنی بیش قیمتی آراء سے آگاہ کریں گے، جس کی مدد سے ہم ''رائزنگ کراچی'' کو کراچی کے شہریوں کے لیے مزید بہتر بنا سکیں گے۔

''رائزنگ کراچی'' موبائل فون سروس کو بہتر اور متحرک رکھنے کے لیے کے ایم سی کو اپنے لوگوں کی مستقل شمولیت اور اُن کے آئیڈیاز کی ضرورت ہوگی۔ جبکہ کے ایم سی سروس ڈلیوری کو بہتر سے بہتر بنانے اور معلومات کے بہاؤ کو رات دن جاری رکھنے کا عہد کرتی ہے۔

(محمد حسین سید)
ایڈمنسٹریٹر
بلدیہ عظمیٰ کراچی